**19.05.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ....................... فیصل خان

**Music**

☆ زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ بھارت دنیا کا غذائی اشیا کا مرکز بننے کے مقصد سے کام کررہا ہے۔

☆ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج نیدر لینڈس، ڈنمارک اور جرمنی کے 6 دن کے دورے پر جارہے ہیں۔

☆ رومانیہ میں Centrist لیڈر Nicusor Den نے صدر کے عہدے کے چناؤ میں سخت گیر دائیں بازو کے اپنے حریف جارج Simion کو ہرادیا ہے۔

☆ بھارتی موسمیات محکمے نے اگلے پانچ دن کے دوران کیرالہ، کرناٹک، گوا اور مہاراشٹر میں شدید سے لے کر بہت شدید بارش ہونے کی پیش گوئی کی ہے۔

☆ BCCI نے بھارت-پاکستان کشیدگی کے تناظر میں ایشیائی کرکٹ کونسل کے دو اہم ٹورنامنٹس سے علیحدہ ہونے کا فیصلہ کیا ہے۔

☆ اور آئی پی ایل کرکٹ میں آج شام میزبان لکھنؤ سپر جائنٹس کا مقابلہ سن رائزرس حیدر آباد سے ہوگا۔

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**CHOUHAN-VIKSIT KRISHI ABHIYAN**

زراعت کے مرکزی وزیر شیوراج سنگھ چوہان نے کہا ہے کہ اس ماہ کی 29 تاریخ سے ایک ملک گیر مہم وِکست کرشی سنکلپ ابھیان کا آغاز کیا جائے گا اور یہ 12 جون تک جاری رہے گی۔ اس مہم کا مقصد کسانوں میں جدید ٹیکنالوجی اور بیج کی نئی اقسام کے بارے میں بیداری پیدا کرنا ہے۔ آج نئی دلّی میں ایک پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب چوہان نے کہا کہ ملک کے 723 اضلاع میں یہ مہم چلائی جائے گی اور تقریباً ڈیڑھ کروڑ کسانوں سے رابطہ کیا جائے گا۔ انہوں نے کہا کہ سائنس دانوں کی ایک ٹیم تقریباً 65 ہزار گاؤوں میں جائے گی اور کھیتی باڑی کی عملی اور سائنسی تکنیکوں سے متعلق تربیت فراہم کرے گی۔

جناب چوہان نے کہا کہ زراعت مستقل طور پر بھارتی معیشت کی اہم بنیاد ہے، جو تقریباً آدھی آبادی کو گزر بسر کا ذریعہ فراہم کرتی ہے اور ملک میں خوراک کی یقینی فراہمی کو بھی بنیاد فراہم کرتی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کی زیر قیادت وکست بھارت کی خاطر یکسر تبدیلی کی ایک مہم جاری ہے اور اس مشن کا مرکز وکست کرشی، وکست کھیتی، سمرُدھ کسان ہے۔ جناب چوہان نے اس بات کو اجاگر کیا کہ بھارت کا مقصد دنیا کیلئے خوراک کا ایک مرکز بننا ہے۔

## JAISHANKAR-EUROPE VISIT

وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر آج تین ملکوں، نیدرلینڈ، ڈنمارک اور جرمنی کے دورے پر روانہ ہورہے ہیں۔ وزارت خارجہ نے کل اس 6 روزہ دورے کا اعلان کیا تھا۔ اپنے دورے کے دوران وزیر خارجہ تینوں ممالک کی قیادت کے ساتھ ملاقات کریں گے اور باہمی دلچسپی کے علاقائی اور عالمی معاملات اور دو طرفہ تعلقات کے مختلف پہلوؤں پر اپنے ہم منصبوں کے ساتھ بات چیت کریں گے۔ اُن کا یہ دورہ اہم یوروپی شراکت داروں کے ساتھ کلیدی تعلقات مستحکم کرنے اور اشتراک بڑھانے کے سلسلے میں جاری بھارت کے سفارتی رابطوں کا ایک حصہ ہے۔×

## ARMY-CEASEFIRE

بھارتی فوج نے اِن اطلاعات کو مسترد کردیا ہے، جن میں یہ دعویٰ کیا گیا تھا کہ بھارت اور پاکستان کے درمیان جنگ بندی کل ختم ہوگئی ہے۔ بھارتی فوج نے کہا ہے کہ بھارت اور پاکستان کے فوجی کارروائیوں کے ڈائریکٹر جنرلوں کے درمیان کل 18 مئی کو کسی طرح کی بات چیت ہونے کا کوئی پروگرام نہیں تھا۔ اُس نے کہا ہے کہ جہاں تک جارحانہ کارروائی موقوف کئے جانے کا تعلق ہے، جیسا کہ اِس مہینے کی 12 تاریخ کو DGMO کی گفتگو میں طے ہوا تھا، تو اِس کے ختم ہونے کی کوئی تاریخ مقرر نہیں کی گئی ہے۔

## FS-BRIEFING

خارجہ سکریٹری وکرم مسری پارلیمانی قائمہ کمیٹی کو بھارت اور پاکستان کے تعلق سے خارجہ پالیسی کے موجودہ حالات و واقعات کے بارے میں جانکاری دیں گے۔ امید ہے کہ خارجہ سکریٹری کمیٹی کو آپریشن سندور اور اِس کے بعد پاکستان کے ساتھ جنگ بندی کے اعلان کے بارے میں جانکاری فراہم کریں گے۔ وہ مذکورہ کمیٹی کو بحری سلامتی سے متعلق پہلوؤں کے بارے میں امور خارجہ اور دفاع کی وزارتوں کے نمائندوں کے شواہد سے بھی واقف کرائیں گے۔

**SC-SAMBHAL**

الٰہ آباد ہائی کورٹ اترپردیش کے سنبھل ضلعے میں جامع مسجد اور ہری ہر مندر کے درمیان تنازعے میں آج اپنا فیصلہ سنائے گی۔ جسٹس روہت رنجن اگروال، مسجد کمیٹی کی جانب سے دائر کی گئی نظر ثانی کی ایک سول عرضداشت پر فیصلہ سنائیں گے، جس میں سنبھل سول عدالت کے 19 نومبر 2024 کے حکم کو چیلنج کیا گیا تھا۔ مذکورہ حکم میں مسجد کا سروے بھارت کے محکمۂ آثار قدیمہ اور ایڈووکیٹ کمشنر سے کرانے کی بات کہی گئی تھی۔ دوسرے دور کے سروے کے دوران تشدد کے واقعات پیش آئے تھے، جس میں 4 افراد مارے گئے تھے۔

**GOYAL-GeM**

کامرس اور صنعت کے مرکزی وزیر پیوش گوئل نے کہا ہے کہ سرکاری خریداری سے متعلق ڈیجیٹل پلیٹ فارم، گورنمنٹ ای-مارکیٹ پلیس GeM وِکست بھارت-2047 کے وزیراعظم نریندر مودی کے نظریئے میں ایک اہم اِنجن بن گیا ہے۔ انگریزی کے ایک روزنامے کے ایک مضمون میں جناب گوئل نے اس بات پر زور دیا کہ GeM کے ذریعہ، خاص طور سے چھوٹے شہروں میں اینٹری سے متعلق رکاوٹوں کو ختم کیا ہے، بدعنوانی کا خاتمہ ہوا ہے، پسماندہ طبقات کو بااختیار بنایا گیا ہے اور ٹیکس دہندگان زیادہ بچت کر پارہے ہیں۔×

**J&K SERCH OPERATION**

جموں وکشمیر کے آج دو سرحدی ضلعوں راجوری اور پُنچھ میں سکیورٹی دستوں نے مشترکہ طور پر تلاش کارروائیوں کا آغاز کیا۔ ہمارے نامہ نگار نے خبر دی ہے کہ راجوری ضلع کے سرحدی حصے میں مشتبہ نقل وحرکت کی خبروں کے پیش نظر سکیورٹی دستوں نے تلاش کی ایک کارروائی شروع کی۔ پُنچھ ضلع کے جنگلاتی حصے میں بھی ایک دیگر تلاش کارروائی جاری ہے۔ سکیورٹی دستوں کی ایک مشترکہ ٹیم اس کارروائی کو انجام دے رہی ہے۔×

**ROMANIA POLLS**

رومانیہ میں Nicusor Dan نے صدر کے عہدے کا چناؤ جیت لیا ہے۔ انہوں نے 54 فیصد ووٹ حاصل کیے ہیں۔ وہ بخارست کے ایک Centrist میئر ہیں۔ ان کے حریف سخت گیر دائیں بازو کے George Simion کو 46فیصد ووٹ ملے ہیں۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر جناب Nicusor Dan نے کہا ہے کہ یہ ایک غیر معمولی جیت ہے اور یہ کامیابی رومانیہ کے ہر شہری کی ہے، جس نے اپنی آواز بلند کی۔

**MAHA-ACCIDENT**

مہاراشٹر میں ممبئی-گوا شاہراہ پر ایک سڑک حادثے میں پانچ افراد اُس وقت ہلاک ہوگئے، جب اُن کی گاڑی، جس میں وہ سوار تھے، وہ رتناگیری کے نزدیک Jagbudi دریا میں جاگری۔ کار کا ڈرائیور شدید طور پر زخمی ہوا ہے۔ یہ موٹر گاڑی ممبئی سے Devrukh جارہی تھی، ڈرائیور اُس کا کنٹرول کھوبیٹھا اور وہ پھسل کر دریا میں جاگری۔ مقامی افراد اور بچاؤ اہلکاروں نے فوری طور پر مدد فراہم کی۔ اس حادثے میں بچ جانے والے واحد شخص کو علاج کیلئے ایک مقامی اسپتال روانہ کردیا گیا۔ حادثے کی اصل وجہ جاننے کیلئے مزید تحقیقات جاری ہیں۔×

**ISRO-COMMITTEE**

خلائی تحقیق کی بھارتی تنظیم اسرو نے ایک کمیٹی بنائی ہے، جو اُس واقعہ کی جانچ کرے گی، جس میں خلائی راکٹ PSLV کرۂ ارض کے مشاہدے سے متعلق سیٹلائٹ EOS-09 کو اُس کے مدار میں پہنچانے میں ناکام رہا تھا۔

اسرو کے چیئرمین ڈاکٹر وی نارائنن نے بتایا کہ کمیٹی نے وجوہات کی نشاندہی کیلئے کئی مرتبہ بات چیت کی ہے۔ کل سری ہری کوٹہ سے چھوڑے جانے کے کچھ ہی منٹ بعد خلائی راکٹ PSLV-C61 میں کچھ خرابی پیدا ہوگئی تھی، جس کی وجہ سے اسرو کرۂ ارض کے مشاہدے سے متعلق اپنے سیٹلائٹ کو متعلقہ مدار میں نہیں پہنچاسکا۔ ڈاکٹر نارائنن نے بتایا کہ یہ خلائی راکٹ 4 مرحلوں والا ہے اور اُس کے پہلے 2مرحلے کامیابی کے ساتھ مکمل ہوگئے تھے۔

**IMD-WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات IMD نے اگلے پانچ دنوں کے دوران کیرالہ، کرناٹک، گوا اور مہاراشٹر میں شدید سے بہت شدید بارش کی پیشگوئی کی ہے۔ آئندہ پانچ سے 6 روز کے دوران ملک کے شمال مشرقی حصے، ذیلی ہمالیائی مغربی بنگال اور سکم میں بھی گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے اور شدید سے بہت شدید بارش کا امکان ہے۔ آج سے اس ماہ کی 22 تاریخ تک مغربی راجستھان میں شدید گرمی کا بھی امکان ہے۔ آج اڈیشہ میں گرمی اور حبس والے موسم کی بھی پیشگوئی کی گئی ہے۔×

**IRAN-US**

ایران کے صدر مسعود Pezeshkian نے کل قطر کے وزیراعظم کے ساتھ بات چیت کے دوران کہا کہ امریکہ کے ساتھ معاہدہ اُسی وقت ممکن ہے کہ جب واشنگٹن تہران کے خلاف ڈرانے دھمکانے کے اقدامات سے گریز کرے۔ ایک علیحدہ میٹنگ میں انہوں نے 12 اپریل کے بعد سے امریکہ-ایران بالواسطہ بات چیت کے چار دور میں سہولت پیدا کرنے کیلئے Oman کے رول کی ستائش کی، جس کا مقصد نیوکلیائی اور پابندیوں سے متعلق معاملات کو حل کرنا ہے۔×

**BALOCHISTAN-BLAST**

بلوچستان کے قلعہ عبد اللہ ضلع میں جبار مارکیٹ کے نزدیک کل ایک بم دھماکہ ہونے سے 4 افراد کی موت ہوگئی، جبکہ 20 زخمی ہوئے۔ اِس دھماکے سے عمارت کو کافی نقصان پہنچا اور لوگوں میں گھبراہٹ پھیل گئی۔ کئی دکانیں ڈھہ گئیں اور آس پاس کے کئی کاروباری اداروں میں آگ لگ گئی۔ دھماکے بعد نامعلوم حملہ آوروں اور سیکورٹی اہلکاروں کے درمیان کچھ دیر گولی باری بھی ہوئی۔ قانون نافذ کرنے والے عہدیداروں نے علاقے کا محاصرہ کرلیا اور جامع تلاش کی کارروائی شروع کی۔

**TRUMP RUSSIA UKARINE TALKS**

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ، آج روس کے صدر ولادمیر پتن، یوکرین کے صدر وولودومیر زیلنسکی اور NATO سے وابستہ مختلف ملکوں کے رہنماؤں کے ساتھ الگ الگ بات چیت کریں گے، جس کا مقصد یوکرین میں جنگ ختم کرنے کی کوشش ہے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں جناب ٹرمپ نے کہا کہ بات چیت میں، اس خونریزی کو روکنے پر توجہ دی جائے گی، جس میں ہر ہفتے، روس اور یوکرین کے 5 ہزار سے زیادہ سپاہی مارے جا رہے ہیں۔ روس کے ترجمان Dmitry Pescov نے تصدیق کی ہے کہ صدر پتن اور امریکی صدر کے درمیان اس ٹیلیفون بات چیت کے لیے تیاریاں جاری ہیں۔×

**FPLs**

غیر ملکی سرمایہ کاروں نے عالمی مثبت رجحانات کے پیش نظر بھارتی حصص بازار میں مئی کے مہینے میں 18 ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا سرمایہ لگایا ہے، جس سے گھریلو صورتحال بہتر ہوئی ہے۔ اعداد وشمار کے مطابق غیر ملکی سرمایہ کاروں سے متعلق پورٹ فولیو یا FPIs نے اب تک مئی میں بھارتی شیئر بازار میں 18 ہزار 620 کروڑ روپے کا سرمایہ لگایا ہے۔×

**BCCI-WITHDRAWS-ASIA CUP**

بھارت کا کرکٹ کنٹرول بورڈ بی سی سی آئی ایشیائی کرکٹ کونسل ACC کے 2 بڑے ٹورنامنٹس سے علیحدہ ہوگیا ہے۔ اِن میں اگلے مہینے سری لنکا میں ہونے والا خواتین کا ابھرتی ہوئی ٹیموں کا ایشیا کپ اور مردوں کا ایشیا کپ شامل ہے، جس کی میزبانی ستمبر میں بھارت کو کرنا تھی۔ پاکستان کے ساتھ موجودہ کشیدگی کے تناظر میں ایسا ہوا ہے۔ اِس اقدام سے مردوں کا ایشیا کپ غیر یقینی کی کیفیت سے دوچار ہوگیا ہے، جو کہ ایک اہم ٹورنامنٹ ہے۔ اِس میں بھارت، پاکستان، بنگلہ دیش، افغانستان اور سری لنکا کی ٹیمیں کھیلتی ہیں۔ ایشیائی کرکٹ کونسل کو اب ایک بڑے چیلنج کا سامنا ہے۔ پاکستان کے وزیر داخلہ اور پاکستان کرکٹ بورڈ کے چیئرمین محسن نقوی کونسل کے سربراہ ہیں۔

ٹورنامنٹ میں بھارت کے نہ کھیلنے سے کمرشل نقطۂ نظر سے ٹورنامنٹ کے استحکام کے لیے غیر یقینی کے حالات پیدا

ہونے کا خطرہ ہے، کیونکہ بھارت اور پاکستان کے مقابلے نشریاتی مفادات اور مالیے کیلئے اہمیت کے حامل ہوتے ہیں۔ البتہ پہلی بار ایسا نہیں ہوا ہے۔ 2023 میں بھی بھارت نے پاکستان میں کھیلنے سے انکار کردیا تھا اور اِس کے بعد Hybrid ماڈل میں میچ کرائے گئے تھے۔ اِس کے تحت فائنل سمیت بھارت کے میچ سری لنکا میں منتقل کردیے گئے تھے۔

**IPL-CRICKET**

آئی پی ایل کرکٹ میں آج لکھنؤ میں بھارت رتن شری اٹل بہاری واجپئی ایکانا کرکٹ اسٹیڈیم میں میزبان لکھنؤ سپرجائنٹس کا مقابلہ سن رائزرس حیدر آباد سے ہوگا۔ یہ میچ شام ساڑھے 7بجے شروع ہوگا۔

کل رات دلی کے ارون جیٹلی اسٹیڈیم میں گجرات ٹائٹنس نے ڈیلی کیپٹلس کو 10 وکٹ سے ہرادیا۔ اِس کامیابی کے ساتھ ہی گجرات ٹائٹنس کی ٹیم پوائنٹس ٹیبل میں سرفہرست آگئی اور اُس نے پلے آف کیلئے کوالیفائی کرلیا ہے۔

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆